پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای۔میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس: 22660358 22 91

02 جنوری 2019

امانتھ کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، بنگلورو، بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35A میں شامل سبھی ہدایات کے مطابق توسیع

عوام کو اس اطلاع کی اشاعت کے ذریعہ مطلع کیا جاتا ہے کہ ریزرو بینک آف انڈیا نے مفاد عامہ میں مطمئن ہونے کے بعد آپریشن مدت میں لازمی سمجھ کر توسیع کی ہدایت مورخہ 01 اپریل 2013 کے ذریعہ دی تھی، جس کو ہدایات سے مربوط کر کے پڑھا جائے، مورخہ 02 جولائی 2018 کو یہ امانتھ کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، بنگلورو کو مزید چھ ماہ کی توسیع کیلئے ارسال کی گئی۔

ریزرو بینک آف انڈیا کے مطابق بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (جس کا اطلاق کوآپریٹیو سوسائٹیز پر ہوگا) کے سیکشن 35A کے ضمنی سیکشن (1) اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے مورخہ 01 اپریل 2013 کو ہدایت نامہ جاری کیا گیا، جس میں وقتاً فوقتاً تجدید کی گئی ہے کہ امانتھ کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، بینگلورو کی مجازیت میں آخری توسیع 04 جنوری 2019 کو کی گئی تھی، اس کو بینک کی درخواست پر مزید چھ ماہ کیلئے 05 جنوری 2019 سے 04 جولائی 2019 تک جائزہ کی بنیاد پر جاری رکھا جا رہا ہے۔

حوالے کے تحت ہدایت نامہ کی دیگر ضوابط و شرائط میں کوئی تبدیلی نہیں ہے۔ آر بی آئی کے ذریعہ جاری کردہ مذکورہ بالا ہدایات کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آر بی آئی نے اس بینک کا بینکنگ لائسنس منسوخ کر دیا ہے۔ بینک اس وقت تک اپنا بینکنگ کاروبار پابندیوں کے ساتھ جاری رکھے گا، جب تک کہ اس کی مالی حالت بہتر نہیں ہو جاتی ہے، ریزرو بینک ان ہدایات میں حالات کے تحت نظر ثانی کر سکتا ہے۔

اجیت پرساد
معاون مشیر

پریس ریلیز: 2018-2019/16537